# 478

50:سورة ق

| ترتیبِ تلاوت | نام سورہ | مکی / مدنی | تعداد رکوع | آیات | پارہ شمار | نام پارہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 50 | سُوْرَةُ قٓ | مکی | 3 | 45 | 26 | حٰمٓ |

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

آیات نمبر 1 تا 15 میں یقین دہانی کہ یہ قرآن اللہ ہی کا نازل کردہ ہے۔ آسمان اور زمین میں اللہ کی قدرت کی نشانیاں جو اس بات کی گواہی دیتی ہیں کہ ان سب کا پیدا کرنے والا اللہ ہی ہے اور وہ دوبارہ بھی پیدا کر سکتا ہے۔ مشرکین کی عبرت کے لئے پچھلی نافرمان قوموں کے انجام کا حوالہ، جنہوں نے اپنے رسول کو جھٹلایا اور بالآخر اللہ کے عذاب نے آپکڑا۔

قٓ ۚ وَ الۡقُرۡاٰنِ الۡمَجِيۡدِ ۚ﴿۱﴾ ق، (ان حروف مقطعات کے حقیقی معنی اللہ اور رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم ہی جانتے ہیں)، قسم ہے باعظمت قرآن کی! کہ یہ قرآن اللہ کی طرف سے نازل کیا گیا ہے بَلۡ عَجِبُوۡۤا اَنۡ جَآءَهُمۡ مُّنۡذِرٌ مِّنۡهُمۡ فَقَالَ الۡكٰفِرُوۡنَ هٰذَا شَىۡءٌ عَجِيۡبٌ ۚ﴿۲﴾ ءَاِذَا مِتۡنَا وَ كُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجۡعٌۢ بَعِيۡدٌ ﴿۳﴾ بلکہ ان لوگوں کو اس بات پر تعجب ہوا کہ ان کے پاس ان ہی میں سے ایک خبردار کرنے والا آیا اور کافر کہنے لگے کہ یہ تو ایک عجیب بات ہے کہ جب ہم مر کر مٹی ہو جائیں گے تو دوبارہ اٹھائے جائیں گے؟ یہ واپسی تو عقل سے بعید ہے قَدۡ عَلِمۡنَا مَا تَنۡقُصُ الۡاَرۡضُ مِنۡهُمۡ ۚ وَ عِنۡدَنَا كِتٰبٌ حَفِيۡظٌ ﴿۴﴾ حقیقت یہ ہے کہ زمین ان کے مردہ جسم میں سے جو کچھ کھاتی ہے وہ سب ہمارے علم میں ہے اور ہمارے پاس ایک

کتاب ہے جس میں سب کچھ محفوظ ہے بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ
فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ۝۵ بلکہ اصل بات یہ ہے کہ جب حق ان کے پاس آیا تو ان
لوگوں نے اسی وقت اسے جھٹلا دیا، اسی وجہ سے یہ ایک اضطراب میں مبتلا ہیں
اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَ زَيَّنّٰهَا وَ مَا لَهَا مِنْ
فُرُوْجٍ۝۶ کیا ان لوگوں نے اپنے اوپر آسمان کی طرف نہیں دیکھا کہ ہم نے اسے کیسا
بنایا اور کس طرح اسے آراستہ کیا ؟ پھر اس میں کوئی شگاف تک نہیں ہے وَ
الْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَ اَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۭ
بَهِيْجٍ۝۷ اور اسی طرح زمین کو ہم نے فرش کی طرح پھیلا دیا اور اس میں بھاری پہاڑ
جمادئے پھر کس طرح قسم قسم کی خوبصورت نباتات اگائیں تَبْصِرَةً وَّ ذِكْرٰى
لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ۝۸ اللہ کی طرف رجوع کرنے والے ہر بندہ کے لئے ان سب
چیزوں میں بصیرت اور نصیحت کا سامان موجود ہے وَ نَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً
مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّ حَبَّ الْحَصِيْدِ۝۹ اور ہم نے آسمان سے بابرکت
پانی برسایا جس سے ہم نے باغ بھی اگائے اور غلہ کے کھیت بھی وَ النَّخْلَ بٰسِقٰتٍ
لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ۝۱۰ اور کھجوروں کے بلند و بالا درخت بھی جو تہ دار خوشوں سے
لدے ہوتے ہیں رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَ اَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ؕ كَذٰلِكَ
الْخُرُوْجُ۝۱۱ یہ انتظام ہے بندوں کو رزق دینے کے لئے اور اس پانی سے ہم نے
ایک مردہ زمین کو زندگی بخش دی، تمام مردہ انسانوں کا قبروں سے نکلنا بھی بالکل اسی

طرح ہو گا كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّ اَصْحٰبُ الرَّسِّ وَ ثَمُوْدُ ﴿۱۲﴾ اور اس
سے پہلے قوم نوح، اصحاب الرَّس، اور قوم ثمود بھی اپنے رسولوں کو جھٹلا چکے ہیں وَ
عَادٌ وَّ فِرْعَوْنُ وَ اِخْوَانُ لُوْطٍ ﴿۱۳﴾ وَّ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَ قَوْمُ تُبَّعٍ ؕ اور اسی
طرح قوم عاد، قوم فرعون، قوم لوط، ایکہ والے اور قوم تبع نے بھی جھٹلایا تھا كُلٌّ
كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾ ان سب لوگوں نے ہمارے رسولوں کو جھٹلایا تھا
، پھر ان سب پر میرے عذاب کا وعدہ سچ ثابت ہو کر رہا اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ
الْاَوَّلِ ؕ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۵﴾ کیا پہلی دفعہ پیدا کرنا ہمارے
لئے مشکل تھا؟ نہیں! ایسا نہیں، لیکن پھر بھی ان لوگوں کو دوبارہ پیدا کئے جانے کے
بارے میں شک ہے رکوع[۱]

[# 478]

| نام پارہ | پارہ شمار | آیات | تعداد رکوع | مکی / مدنی | نام سورہ | ترتیبِ تلاوت |
|---|---|---|---|---|---|---|
| حٰمٓ | 26 | 45 | 3 | مکی | سُوْرَةُ قٓ | 50 |

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

In the Name of Allah, the Most Beneficent, the Most Merciful

Verses 1 to 15 affirm with certainty that the Quran is truly a revelation from Allah. They highlight the signs of Allah's immense power in the heavens and the earth, bearing witness that He alone is the Creator – and thus, capable of resurrection. For the disbelievers, there are lessons in the fate of previous rebellious nations who denied their messengers and were ultimately seized by Allah's punishment.

قٓ ۚ وَ الۡقُرۡاٰنِ الۡمَجِیۡدِ ۚ﴿۱﴾

Qaf [Only Allah and the Messenger know the real meanings].

[I swear] by glorious Quran [ O Muhammad! You are Messenger of Allah].

بَلۡ عَجِبُوۡۤا اَنۡ جَآءَہُمۡ مُّنۡذِرٌ مِّنۡہُمۡ فَقَالَ الۡکٰفِرُوۡنَ
ہٰذَا شَیۡءٌ عَجِیۡبٌ ۚ﴿۲﴾ ءَاِذَا مِتۡنَا وَ کُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِکَ رَجۡعٌۢ
بَعِیۡدٌ ﴿۳﴾

Rather, they [who belie you!] are astonished that a fore-warner has come to them from among themselves. And the disbelievers say: 'This is an astonishing thing. Is it that when we are dead and become dust, [will we really be resurrected?] Such a return [to life] is far-fetched [thing to believe!']

قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ مِنْهُمْ ۚ وَ عِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ﴿٤﴾

Indeed, We know what the earth consumes of them [in their graves], and with Us is a book that preserves all [record].

بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ﴿٥﴾

In fact, they denied the truth [of this Quran] as soon as it came to them [without seeking to comprehend it], so they are in a state of confusion.

اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَ زَيَّنّٰهَا وَ مَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ﴿٦﴾

Have they not looked at the heaven above them, how [perfectly] We have made it and adorned it [with stars], and there are no rifts in it?

وَ الْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَ اَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا
مِنْ كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيْجٍ ۝٧

And as for the earth, We spread it out and placed therein firm mountains and caused to grow in it every kind of beautiful plant.

تَبْصِرَةً وَّ ذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝٨

Indeed, [in all of these things] there is a lesson and a reminder for every servant who turns [to Allah].

وَ نَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّ
حَبَّ الْحَصِيْدِ ۝٩

And We sent down blessed [rain] water from the sky, with which We caused gardens to grow and grains for harvest.

وَ النَّخۡلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلۡعٌ نَّضِيۡدٌ ۙ﴿۱۰﴾

And [We produced] lofty date-palm trees [loaded] with clustered fruit.

رِّزۡقًا لِّلۡعِبَادِ ۙ وَ اَحۡيَيۡنَا بِهٖ بَلۡدَةً مَّيۡتًا ؕ كَذٰلِكَ الۡخُرُوۡجُ ﴿۱۱﴾

[This is] a provision for [our] servants. And with this [water] We gave life to a dead land; Similarly, the dead will be brought forth [from their graves.]

كَذَّبَتۡ قَبۡلَهُمۡ قَوۡمُ نُوۡحٍ وَّ اَصۡحٰبُ الرَّسِّ وَ ثَمُوۡدُ ۙ﴿۱۲﴾

And before them, the people of Noah [also] denied [their messenger], and so did the companions of the well [Ar-Rass], and the people of Thamud.

وَ عَادٌ وَّ فِرْعَوْنُ وَ اِخْوَانُ لُوْطٍ ﴿۱۳﴾ وَّ اَصْحٰبُ الْاَیْكَةِ وَ
قَوْمُ تُبَّعٍ ؕ

And [likewise], the people of ʻĀd, Pharaoh, the brothers of Lot, the dwellers of the forest, and the people of Tubbaʻ [also denied their messengers].

كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِیْدِ ﴿۱۴﴾

All of them denied Our messengers, so My threat [of punishment] was [justly] fulfilled [against them].

اَفَعَیِیْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ؕ بَلْ هُمْ فِیْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ
جَدِیْدٍ ﴿۱۵﴾ رکوع[۱]

Were We then tired after creating them the first time? [No, not at all!] Yet they remain in doubt about being recreated.